انڈر19 تین روزہ ٹورنامنٹ: فائنل کے پہلے روز سندھ کے اسپنرز کا راج

- عامر علی اور آرش علی خان کے پہلی اننگز میں5،5 شکار

لاہور، 9نومبر2019ء:

رانا نوید کرکٹ اکیڈمی شیخوپورہ میں جاری قومی انڈر 19 تین روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میچ کا پہلا روز سندھ کے اسپنرز کے نام رہا۔اسپنرز عامر علی اور آرش علی خان نے ناردرن کے 5،5 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

ناردرن انڈر 19 کرکٹ ٹیم کے 220 رنز کے جواب میں سندھ انڈر 19 کرکٹ ٹیم نے پہلے روز کھیل کے اختتام پر 1 وکٹ کے نقصان پر 64 رنز بنالیے ہیں۔

اس سے قبل ناردرن نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا جو سودمندثابت نہ ہوسکا۔ 56 رنز کے مضبوط آغاز کے باوجودحریف ٹیم کے اسپنرز کی عمدہ باؤلنگ کی بدولت ناردرن کی پوری ٹیم 220 رنز بناکر آوٹ ہوگئی۔ آٹھویں نمبر پر بیٹنگ کے لیے میدان میں اترنے والے مہران ممتاز 43 رنز بناکر ناردرن انڈر 19 کرکٹ ٹیم کی جانب سے ٹاپ اسکورر رہے۔سندھ کے اسپنرز عامر علی نے 79 رنز کے عوض 5 اور آرش علی خان نے 85 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔

جواب میں 27 اسکور پر پہلی وکٹ گرنے کے بعد سندھ انڈر 19 کرکٹ ٹیم نے دن کے اختتام پر 1 وکٹ کے نقصان پر 64 رنزبنالیے ہیں۔ مبصر نواز 26 اور جہانزیب سلطان 23 رنز بناکر میچ کے دوسرے روز کھیل کا دوبارہ آغاز کریں گے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications

E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk